سوال

(146) ہر رکعت میں بار بار ایک ہی سورت کی تلاوت؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا امام سورۃ الفاتحہ کے بعد تمام رکعتوں میں ایک ہی سورت تلاوت کر سکتا ہے؟ جیسا کہ بعض لوگ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الاخلاص ہی پڑھتے ہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

سورۃ الفاتحہ کا تکرار تو ہر رکعت میں لازمی ہے جبکہ اس کے علاوہ بھی ہر رکعت میں ایک ہی سورت کو دہرایا جا سکتا ہے۔ ایک صحابی (کلثوم بن ہدم رضی اللہ عنہ) ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الاخلاص پڑھتے تھے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرزِ عمل کو جائز قرار دیا۔

(بخاري، الاذان، الجمع بين السورتين۔۔۔، ح: 774)

اس حدیثِ تقریری کے علاوہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل مبارک سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ایک سورت کو پہلی رکعت میں پڑھنے کے بعد اسے دوسری رکعت میں دہرایا جا سکتا ہے۔ معاذ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں؛

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ فجر کی دونوں رکعتوں میں إِذَا زُلْزِلَتِ (سورۃ الزلزال) کی تلاوت کی۔

(ابوداود، الصلاۃ، الرجل يعيد سورة واحدة في الركعتين، ح: 816)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

اذان و نماز، صفحہ: 377